M.A Urdu Final 2020 Previous.
Annual Examination

Time Allowed 04.00 hrs Paper: افسانوی ادب Total Marks 100

کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی ہر حصے میں سے ایک ایک سوال حل کریں تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال 1 درجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔

(ا) تم نہیں جانتے، بھائی موسی اور یعقوب دونوں ساتھ تھے اِس مقام پر پہنچ کر نہر کے کنارے کنارے کچھ دور گئے تھے کہ کوہ البرز سے پریوں کا غول اُترا۔ اِن کے ہاتھ سے بھائی تو مارے گئے اور یعقوب غش کھا کے گر پڑا۔

(ب) معلوم نہیں یہ بات معقول تھی یا غیر معقول، بہر حال دانش مندوں کے فیصلے کے مطابق اِدھر اُدھر اونچی سطح کی کانفرنسیں ہوہیں اور بالاخر ایک دِن پاگلوں کے تبادلے کے لیے مقرر ہو گیا۔

حصہ اول

2: باغ و بہار کے اسلوب کا جائزہ مثالوں کے ذریعے تحریر کیجیے۔

3: فسانہ عجائب کا کردار نگاری کے حوالے سے جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

4: افسانہ آزاد جلد اول میں لکھنو کی جو تصویریں سرشار نے پیش کی ہیں اِس پر تنقیدی نوٹ لکھئے۔

5: مراۃ العروس ناول کے فن پر پورا نہیں اُترتا آپ کا کیا خیال ہے وضاحت کیجیے۔

6: مرزا ہادی رسوا کا ناول، ناول نگاری میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ تائید یا تردید مثالوں کے ذریعے کیجیے۔

حصہ سوم

7: یلدرم کی افسانہ نگاری پر تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

8: منٹو کی اردو افسانہ نگاری میں وجہ شہرت کس حوالے سے ہے۔ تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

حصہ چہارم

9: ڈرامے کی تعریف کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیم بالغان کا جائزہ لیجیے۔

10: اشفاق احمد کے ڈرامے من چلے کا سودا کا فکری حوالے سے جائزہ لیجیے۔

Scanned with CamScanner

The University Of Lakki Marwat

ایم اے اُردو (فائنل) سالانہ امتحان 2020

مقررہ وقت: 4 گھنٹے (قصیدہ، مثنوی، مرثیہ) کل نمبر: 100 پاس نمبر: 40

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ باقی ہر حصے سے ایک سوال لازمی ہے۔

(حصہ اول)

سوال 1 درج ذیل میں سے دو اجزاء کی تشریح بحوالہ نظم کریں۔ (10+10)

(الف)

جوشِ روئیدگی خاک سے کچھ دور نہیں — شاخ میں گاؤزمیں کی بھی جو پھوٹے کونپل

دمِ عیسیٰؑ سے فزوں فیض ہوا ہے یاں تک — دین میں قسم جمادات سے شاید ہو خلل

فکر رہتی ہے مجھے یہ کہ زباں سے اپنی — کہیں دعویٰ خدائی نہ کریں لات و ہبل

(ب)

وہ لُو وہ آفتاب کی حدت وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب — خیمے جو تھے جیالوں کے تپتے تھے سب کے سب

اُڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(ج)

دوانی سی ہر سمت پھرنے لگی — درختوں میں جا جا کے گرنے لگی

ٹھہرنے لگا جان میں اضطراب — لگی دیکھنے وحشت آلودہ خواب

نہ اگلا سا ہنسنا نہ وہ بولنا — نہ کھانا نہ پینا نہ لب کھولنا

(حصہ دوم۔ قصیدہ)

سوال 2 سوداؔ کی قصیدہ نگاری نے اپنے قصائد میں فارسی شاعری کی ادبی روایات نہایت خوبصورتی سے اُردو میں منتقل کیا۔ تفصیل سے بحث کریں۔ 20

سوال 3 قصیدہ نگاروں میں شیخ ابراہیم ذوقؔ کا مقام اُن کے کلام کی روشنی میں متعین کیجیے۔ 20

سوال 4 محسن کاکوروی کی نعت گوئی کی خصوصیات بیان کریں۔ 20

(حصہ سوم۔ مثنوی)

سوال 5 مثنوی "سحر البیان" کا موضوع رومانی سہی لیکن اس میں عصری زندگی کے بہت سے پہلو نہایت عمدگی سے بے نقاب کیے گئے ہیں۔ بحث کریں۔ 20

سوال 6 مثنوی "گلزارِ نسیم" شاعرانہ صنّاعی کا بہترین نمونہ ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ 20

(حصہ چہارم)

سوال 7 میر انیس کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات بیان کریں۔ 20

سوال 8 مراثیِ انیس و دبیر کا موازنہ پیش کریں۔ 20

Scanned with CamScanner

M.A Urdu Final

Paper: نظم

Annual Examination-2020

Time Allowed: 04 Hrs | Total Marks: 100 | Passing Marks: 40

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ ہر حصے سے ایک ایک سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: شاعر اور نظم کے حوالے سے کوئی سے دو اجزا کی تشریح کریں۔

الف: ٹک حرص و ہوا کو چھوڑ میاں مت دیس بدیس پھرے مارا — قزاق اجل کا لوٹے ہے دن رات بجا کر نقارا

کیا بدھیا بھینسا، بیل شتر، کیا گوئی، پلّا سر بھارا — کیا گیہوں، چانول، موٹھ، مٹر کیا آگ دھواں کیا انگارا

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

ب) لامذہبی سے ہو نہیں سکتی فلاحِ قوم — ہرگز گزر سکیں گے نہ ان منزلوں سے آپ

کعبہ سے بت نکال دیئے تھے رسولؐ نے — اللہ کو نکال رہے ہیں دلوں سے آپ

ج) جو ہوتی تھی پیدا کسی گھر میں دختر — تو خوف شماتت سے بے رحم مادر

پھرے دیکھتی جب تھی شوہر کے تیور — کہیں زندہ گاڑ آتی تھی اس کو جا کر

وہ گود ایسی نفرت سے کرتی تھی خالی — جنے سانپ جیسے کوئی جننے والی

حصہ اول

سوال نمبر 2: نظیر اکبر ابادی کی شاعری کا لب ولہجہ اور موضوعات دونوں عوامی ہیں۔ بحث کیجئے۔

سوال نمبر 3: اکبر نے شاعری کے ذریعے مغربیت کا مقابلہ کیا۔ تائید یا تردید کیجئے۔

سوال نمبر 4: "مسدس حالی" مسلمان قوم کی بدحالی کی ترجمان ہے۔ وضاحت کیجئے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 5: اختر شیرانی نے اردو شاعری کو گوشت پوست کا محبوب دیا۔ کیا یہ درست ہے؟ رائے دیجئے۔

سوال نمبر 6: جوش ملیح آبادی کی شاعری کا فنی و فکری جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر 7: فیض احمد فیض کی شاعری رومان اور انقلاب کا سنگم ہے۔ بحث کیجئے۔

حصہ سوم

سوال نمبر 8: میراجی کی شاعری ان کے بیمار ذہن کی علامت ہے۔ تائید یا تردید کیجئے۔

سوال نمبر 9: جدید شعرا میں مجید امجد کا منفرد انداز ہی ان کی شاعری کا کمال ہے۔ بحث کیجئے۔

سوال نمبر 10: مصطفیٰ زیدی کی شاعری پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

Scanned with CamScanner

M.A Urdu Final
Annual Examination 2020

Time Allowed 04.00 hrs Paper: اقبالیات Total Marks 100

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات بحوالہ کلام اقبالؒ تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ باقی ہر حصے سے ایک سوال لازمی ہے۔

سوال 1 درج ذیل میں سے دو اجزاء کی تشریح بحوالہ نظم کریں۔

(الف) ساز خاموش ہیں، فریاد سے معمور ہیں ہم
نالہ آتا ہے اگر لب پہ تو معذور ہیں ہم

اے خدا! شکوہ ارباب وفا بھی سن لے
خوگر حمد سے تھوڑا سا گلا بھی سن لے

(ب) تیرے شب و روز کی اور حقیقت ہے کیا
ایک زمانے کی رو جس میں نہ دِن ہے نہ رات

آنی و فانی تمام معجزہ ہائے ہنر
کار جہاں بے ثبات، کار جہاں بے ثبات!

(ج) قبائل ہوں ملت کی وحدت میں گم
کہ ہو نام افغانیوں کا بلند

محبت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

(حصہ اول)

سوال 2 اقبالؒ کے شعری مجموعے "ارمغان حجاز" حصہ اردو کا فکری و فنی جائزہ پیش کریں۔

سوال 3 ڈاکٹر اقبال بطور شاعر مقام اور مرتبے کا تعین کیجیے۔

(حصہ دوم)

سوال 4 اقبالؒ کی طویل نظموں "والدہ مرحومہ کی یاد میں" اور "شمع و شاعر" میں سے کسی ایک پر بحث کیجیے۔

سوال 5 اقبالؒ کی نظم "مسجد قرطبہ" کا فنی اور فکری جائزہ پیش کریں۔

(حصہ سوم)

سوال 6 اقبال کے "تصور عقل و عشق" پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔

سوال 7 اتحاد عالم اسلامی کے حوالے سے کلام اقبال ہماری کیا رہنمائی کرتا ہے۔

(حصہ چہارم)

سوال 8 نظریہ خودی کو سامنے رکھتے ہوئے اقبال کے تصور تعلیم کا جائزہ لیجیے۔

سوال 9 اقبال کے تصور فن پر ان کے اشعار کی روشنی میں بحث کیجیے۔

سوال 10 اقبال کے تصور شاہین پر معترضین کے اعتراضات کو سامنے رکھتے ہوئے تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

Scanned with CamScanner

ایم اے سالانہ 2020

پرچہ مضمون، زبان ولسانیات، ابلاغ عامہ ☆

وقت چار گھنٹے۔ کل نمبر:100

نوٹ: پہلا پرچہ لازمی ہے باقی دو پرچوں میں سے ایک پرچے کا انتخاب کریں۔ ہر ایک پرچہ کے لئے الگ جوابی شیٹ استعمال کریں۔ اختیاری پرچہ کے ہر حصہ سے کم از کم ایک سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے۔

لازمی پرچہ (مضمون) 50 نمبر

درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر مفصل و مدلل مضمون لکھیں جو پندرہ صفحات پر محیط ہو۔ نیز تحریر واضح، صاف اور املا کی غلطیوں سے پاک ہو۔

.1۔ فورٹ ولیم کالج کی لسانی اور ادبی خدمات

.2۔ اردو ناول کا ارتقاء 3۔ نظیر اکبر ابادی بطور عوامی شاعر 4۔ اردو زبان کا مستقبل

:5۔ اردو میں اخلاقی اور حکیمانہ شاعری

:6۔ خیبر پختونخوا میں اردو خاکہ نگاری

اختیاری پرچہ (زبان ولسانیات) 50 نمبر

کل تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر حصہ سے ایک سوال کا جواب لکھنا ضروری ہے

حصہ اول

سوال نمبر 1. زبان سے کیا مراد ہے؟ زبان کی ابتدا کے بارے میں مختلف نظریات پر روشنی ڈالی لیں۔

سوال نمبر 2. روزمرہ اور محاورہ میں فرق واضح کریں نیز اردو کے چند محاورات اور ان کے معانی تحریر کریں۔

حصہ دوم

سوال نمبر 3۔ زبانوں کے تقابلی مطالعے میں کن کن اصولوں کو مد نظر رکھا جاتا ہے تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر 4. صوتیات کسے کہتے ہیں. اردو صوتیات پر ہونے والے اعتراضات کا تفصیلی جائزہ لیں۔

حصہ سوم

سوال نمبر 5. اردو زبان کے فروغ میں صوفیائے کرام اور بزرگانِ دین کے کردار پر تفصیلی بحث کریں۔

سوال نمبر 6. اردو زبان کی ابتداء اور ارتقاء کے بارے میں سید سلیمان ندوی اور ڈاکٹر شوکت سبزواری کے نظریات پر روشنی ڈالیں۔

پرچہ اختیاری (ابلاغ عامہ) 50 نمبر

کل تین سوالات کے جوابات تحریر کریں، ہر حصہ سے ایک سوال کا جواب لکھنا لازمی ہے۔

حصہ اول

سوال نمبر 1. موبائل کی ایجاد سے ریڈیو کی افادیت متاثر ہوئی ہے۔ مخالفت یا حمایت میں اپنے دلائل پیش کریں۔

سوال نمبر 2. ریڈیو ڈرامے کے مستقبل پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

حصہ دوم

سوال نمبر 3. ٹیلی ویژن کے معاشرے پر مثبت اور منفی اثرات کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر 4. قومی تعمیر و ترقی میں ٹیلی ویژن کیا کردار ادا کر سکتا ہے۔ تفصیل سے بیان کریں۔

حصہ سوم

سوال نمبر 5 فیچر سے کیا مراد ہے؟ اسلوب کے لحاظ سے فیچر کی اقسام بیان کریں۔

سوال نمبر 6. اداریہ حکومت بنانے یا بگاڑنے میں اہم اور فیصلہ کن کردار ادا کرتا ہے۔ تفصیل سے بحث کریں۔

Scanned with CamScanner

M.A Urdu Previous 2020
Annual Examination

Time Allowed 04.00 hrs **Paper: افسانوی ادب** **Total Marks 100**

کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی ہر حصے میں سے ایک ایک سوال حل کریں تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال 1 درجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔

(ا) تم نہیں جانتے، بھائی موسیٰ اور یعقوب دونوں ساتھ تھے اِس مقام پر پہنچ کر نہر کے کنارے کنارے کچھ دور گئے تھے کہ کوہ البرز سے پریوں کا غول اُترا۔ اِن کے ہاتھ سے بھائی تو مارے گئے اور یعقوب غش کھا کے گر پڑا۔

(ب) معلوم نہیں یہ بات معقول تھی یا غیر معقول، بہر حال دانش مندوں کے فیصلے کے مطابق اِدھر ادھر اونچی سطح کی کانفرنسیں ہوہیں اور بالآخر ایک دِن پاگلوں کے تبادلے کے لیے مقرر ہو گیا۔

حصہ اول

2: باغ و بہار کے اسلوب کا جائزہ مثالوں کے ذریعے تحریر کیجیے۔

3: فسانہ عجائب کا کردار نگاری کے حوالے سے جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

4: افسانہ آزاد جلد اول میں لکھنو کی جو تصویریں سرشار نے پیش کی ہیں اِس پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔

5: مراۃ العروس ناول کے فن پر پورا نہیں اُترتا آپ کا کیا خیال ہے وضاحت کیجیے۔

6: مرزا ہادی رسوا کا ناول، ناول نگاری میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ تائید یا تردید مثالوں کے ذریعے کیجیے۔

حصہ سوم

7: بیدرم کی افسانہ نگاری پر تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

8: منٹو کی اردو افسانہ نگاری میں وجہ شہرت کس حوالے سے ہے۔ تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

حصہ چہارم

9: ڈرامے کی تعریف کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیم بالغان کا جائزہ لیجیے۔

10: اشفاق احمد کے ڈرامے من چلے کا سودا کا فکری حوالے سے جائزہ لیجیے۔

Scanned with CamScanner

University Of Lakki Marwat

ایم اے اُردو (فائنل) سالانہ امتحان 2020

مقررہ وقت: 4 گھنٹے (تنقید) کل نمبر: 100 پاس نمبر: 40

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ باقی ہر حصّے سے ایک سوال لازمی ہے۔

(حصہ اول)

سوال 1 تنقید سے کیا مراد ہے نیز ادبی تنقید میں کن اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے؟ (20)

سوال 2 نقاد کے فرائض کون کون سے ہیں؟ بحث کریں۔ (20)

(حصہ دوم)

سوال 3 شاعری کے بارے میں ارسطو کے نظریات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4 لونجائنس ترفّع سے کیا مراد لیتا ہے نیز لونجائنس نے ترفّع کے کون سے پانچ اجزائے ترکیبی بتائے ہیں؟ (20)

سوال 5 ٹی۔ ایس ایلیٹ کی تنقید رومانوی تصورات کی نفی کرتی ہے، بحث کیجیے۔ (20)

(حصہ سوم)

سوال 6 حالؔی نے اُردو شاعری کے لیے "مقدمہ شعر و شاعری" میں کیا تجاویز دیں؟ (20)

سوال 7 "اردو تنقید کا آغاز محمد حسین آزاد سے ہوا" اس قول کی روشنی میں " آبِ حیات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 8 محمد حسن عسکری کے تنقیدی نظریات پر سیر حاصل بحث کریں۔ (20)

(حصہ چہارم)

سوال 9 پریم چند کی افسانہ نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 10 نظیرؔ اکبر آبادی کی عوامی شاعری پر عملی تنقید پیش کریں۔ (20)

Scanned with CamScanner

ایم۔اے (اردو) سال اول 2020

پرچہ: تاریخ ادب اردو

وقت:4 گھنٹے

کل نمبر:100

نوٹ: 1) امتحانی ہال میں موبائل اور دیگر الیکٹرانک اشیاء کا استعمال ممنوع ہے۔ خلاف ورزی پر نہ صرف پرچہ بلکہ پورا امتحان منسوخ ہو سکتا ہے۔

2) کل پانچ سوالات حل کریں۔ ہر حصے سے ایک ایک سوال حل کرنا لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

حصہ اول (ادوار اور ادارے)

1) اردو ادب کے دکنی دور میں تخلیق ہونے والے ادب کا جائزہ تاریخی تناظر میں لیں؟ (20)

2) انجمن پنجاب کے تحت ہونے والی شاعری کا موضوعاتی اور اسالیبی حوالے سے تجزیہ کریں؟ (20)

حصہ دوم (ادبی تحریکیں)

3) اردو ادب کی رومانی تحریک کے زیر اثر تخلیق ہونے والی افسانوی و غیر افسانوی نثر کا جائزہ رومانیت کے رجحان کی روشنی میں لیں؟ (20)

4) حلقہ ارباب ذوق کی شاعری کس حد تک حلقہ کے نظریئے پر پوری اترتی ہے وضاحت کریں؟ (20)

حصہ سوم (پاکستانی ادب)

5) پاکستان میں تخلیق ہونے والی نظم کے بنیادی رجحانات کی وضاحت شعری مثالوں کے ساتھ کریں؟ (20)

6) پاکستانی دور میں تخلیق ہونے والی خاکہ نگاری کے معیار و مقدار کا جائزہ لیں؟ (20)

حصہ چہارم (خیبر پختونخواہ کا ادب)

7) خیبر پختونخواہ میں تخلیق ہونے والی غزل کا ارتقائی سفر بیان کریں؟ (20)

8) خیبر پختونخواہ میں تخلیق ہونے والا افسانہ کس حد تک یہاں کی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کرتا ہے، وضاحت کریں؟ (20)

9) خیبر پختونخواہ کی نظم کے بنیادی رجحانات کا تنقیدی جائزہ پیش کریں؟ (20)

Scanned with CamScanner

ایم اے اردو سال اول

سالانہ امتحان 2020

پرچہ اسالیب نثر (Prose) وقت 4 گھنٹے

کل نمبر 100

ہدایات برائے طلباء: امتحانی مرکز میں موبائل فون و دیگر الیکٹرانک اشیاء لانا اور استعمال کرنا ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں پرچہ بلکہ امتحان منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ باقی ہر حصے سے ایک سوال حل کرنا ضروری ہے۔ تمام سوالات کے نمبرات برابر ہیں۔

سوال 1: مندرجہ ذیل اقتباسات میں دو کی متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

الف) "پانچ لشکر کا حملہ پے بہ پے اس شہر پر ہوا۔ پہلا باغیوں کا لشکر، اس میں اہل شہر کا اعتبار لٹا۔ دوسرا لشکر خاکیوں کا، اس میں جان و مال و ناموس و مکان و مکین و آسمان و زمین و آثار ہستی سراسر لٹ گئے۔ تیسرا لشکر کال کا، اس میں ہزارہا آدمی بھوکے مرے۔ چوتھا لشکر ہیضے کا، اس میں بہت سے پیٹ بھرے مرے۔ پانچواں لشکر تپ کا، اس میں تب و طاقت عموماً لٹ گئی، آدمی کم مرے لیکن جس کو تپ آئی، اس نے پھر اعضاء میں طاقت نہ پائی۔"

ب) "بہت سی قومیں ہیں جو اپنے تعصب کے باعث تمام باتوں میں کیا اخلاق میں اور کیا علم و ہنر میں اور کیا فضل و دانش میں کیا تہذیب و شائستگی میں اور کیا جاہ و حشمت میں اور کیا مال و دولت میں اعلیٰ درجے سے نہایت سے ہر جگہ اور ہر قوم سے اچھی اچھی باتیں اخذ کیں اور ادنیٰ درجے سے ترقی کر کے اعلیٰ سے اعلیٰ درجے پر پہنچ گئیں۔"

ج) "سر پر کنٹوپ ہے مگر بڑا دقیانوسی۔ کبھی کونوں کو ڈھکے ہوئے اور ڈوریاں نیچے لٹکتی ہوئیں۔ کبھی اس کے دونوں پاکھے اوپر کی طرف سیدھے کھڑے ہو کر لاٹ پادری کی ٹوپی کا نمونہ بن جاتے۔ اور طرے کا کام دیتیں۔ کبھی پاکھوں کو اوپر تلے کس دیا جاتا اور اس طرح کنٹوپ فلیٹ کیپ کی شکل اختیار کر لیتا۔

حصہ اول

سوال 2: تمثیل کی تعریف کریں۔ سب رس کے زبان و اسلوب پر بحث کیجئے۔

سوال 3: سر سید احمد خان کو جدید نثر کا بانی کہا جاتا ہے۔ اس موضوع پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

حصہ دوم

سوال 4: الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری کا تفصیلی جائزہ لیجیے

سوال 5: نیرنگ خیال کی روشنی میں محمد حسین آزاد کی انشاء پردازی پر مدلل مقالہ قلم بند کیجئے۔

حصہ سوم

سوال 6: رشید احمد صدیقی کی تحریر کی نمایاں خصوصیات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال 7: غبار خاطر کے اسلوب کا جائزہ لیں۔

حصہ چہارم

سوال 8: مرزا فرحت اللہ بیگ کی خاکہ نگاری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیجئے۔

سوال 9: اردو کی آپ بیتیوں میں شہاب نامہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ شہاب نامہ کی ادبی مقام کا تعین و تجزیہ کیجئے۔

Scanned with CamScanner

پرچہ ایم اے سال اول

مضمون: جدید نثر

امتحان سالانہ 2020ء

کل نمبرات: 100 کل وقت: 4 گھنٹے

کم از کم نمبرات: 40

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں. پہلا سوال لازمی ہے. باقی ہر حصے سے ایک ایک سوال کا جواب لکھیے. تمام سوالات کے نمبرات برابر ہیں.

سوال 1: مندرجہ ذیل میں سے دو عبارات کی متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے تشریح کیجیے

الف) اشتہاروں کے علاوہ لاہور کی سب سے بڑی صنعت رسالہ سازی اور سب سے بڑی حرفت انجمن سازی ہے. ہر رسالے کا نمبر عموماً خاص ہوتا ہے) اور عام نمبر خاص خاص موقعوں پر شائع کیے جاتے ہیں. عام نمبر میں صرف ایڈیٹر کی تصویر اور خاص نمبروں میں مس سلوچنا اور مس کجن کی تصاویر بھی دی جاتی ہیں. اسی سے ادب کو بہت فروغ نصیب ہوتا ہے اور فن تنقید ترقی کرتا ہے۔

ب) میں سوچنے لگا کہ اس بھلے آدمی کو تو یہ تک معلوم نہیں کہ ٹیم کے گیارہ کے گیارہ کھلاڑی دراصل مشقتی ہیں جو بارہویں کھلاڑی کے لیے تفریح طبع) کے لیے میدان میں اترتے ہیں. وہ سارا عرصہ میدان میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک دوڑتے رہتے ہیں اور دوڑ دوڑ کر نڈھال ہو جاتے ہیں. محض اس لیے کہ دو کوڑی کے اس بدنما گیند کو دبوچ سکیں جسے مخالف ٹیم کے کسی بد دماغ بلے باز نے ہوا میں اچھا دیا تھا

ج) میں اپنے شہر کی برائی کرنے میں کوئی بڑائی محسوس نہیں کرتا. لیکن میرا خیال ہے کہ جو شخص کبھی اپنے شہر کی برائی نہیں کرتا وہ یا تو غیر ملکی جاسوس) ہے یا میونسپلٹی کا بڑا افسر. یوں بھی موسم، معشوق اور حکومت کا گلہ ہمیشہ ہمارا قومی مشغلہ رہا ہے. ہر آن بدلتے ہوئے موسم سے جس درجہ شغف ہمیں ہے اس کا اندازہ یوں لگائیے کہ یہاں بہت سے نجومی ہاتھ دیکھ کر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے لیے موسم کی پیشگوئیاں کرتے ہیں اور ہزاروں کماتے ہیں.

حصہ اول

سوال 2: "ہم عہد یوسفی میں جی رہے ہیں". اس قول کی روشنی میں مشتاق احمد یوسفی کی مزاح نگاری کا جائزہ لیجیے.

سوال 3: "پطرس کی مزاح فطری مزاح ہے" کو سامنے رکھتے ہوئے پطرس بخاری کے اسلوب پر مدلل مقالہ قلمبند کیجیے.

حصہ دوم

سوال 4: "لبیک" کے تناظر میں ممتاز مفتی کی سفر نامہ نگاری پر تفصیلی نوٹ لکھیے.

سوال 5: محمود نظامی کے سفر نامے "نظر نامہ" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے.

Scanned with CamScanner

MA Urdu Previous

Annual Examination 2020

Paper:	غزل	Total Marks	100
Time Allowed	04:00 hrs	Pass Marks	40

نوٹ : کل پانچ سوال حل کریں۔پہلا سوال لازمی ہے۔باقی ہر حصے سے ایک سوال حل کریں۔تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر ۱:درج ذیل میں سے پانچ اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے سے کریں۔نیز شعر کی فنی وفکری خوبیاں بھی بیان کریں۔

۱۔ دل کو لگتی ہے دلربا کی ادا جی میں بستی ہے خوش ادا کی ادا

۲۔ مصائب اور تھے پر دل کا جانا عجب اک سانحہ سا ہو گیا ہے

۳۔ ہم نے کس رات نالہ سر نہ کیا پر اسے آہ نے اثر نہ کیا

۴۔ بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

۵۔ ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق نوحۂ غم ہی سہی ،نغمۂ شادی نہ سہی

۶۔ عشق نے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا درد کی دوا پائی ،درد لا دوا پایا

۷۔ گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر مجھ کو وہ میرے نام سے پہچان تو گیا

۸۔ دوپہر کی دھوپ میں میرے بلانے کے لئے وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ہے

(حصہ اوّل)

سوال نمبر۲: ولی کی شاعری خارجیت پسندی اور لسانی شعور کی بہترین مثال ہے۔تائید کرتے ہوئے شعری مثالیں دیں۔

سوال نمبر۳: میر کی شاعری میں صرف ذاتی غم ہی نہیں ،انسانی غم بھی ہے۔اس بات کی دلیل شعری مثالوں سے دیں۔

Scanned with CamScanner